علمِ وجوہ القرآن کے تناظر میں
کنز الایمان کا مطالعہ

پروفیسر دلاور خان

پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن اینڈ پروفیشنل ڈیویلپمنٹ سینٹر ایجوکیشن سٹی ملیر، کراچی

علم وجوہ القرآن کے تناظر میں کنزالایمان کا مطالعہ

پروفیسر دلاور خاں

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کے ساتھ اسے احسن تقویم سے بھی سرفراز فرمایا۔اس کی رہبری و رہنمائی کے لیے کامل نظام نبوت اور فکری و نظری نظام بھی عطا فرمایا۔ انسان کے شرف منصب میں یہ بھی داخل ہے کہ وہ وحی اور عقل کی روشنی میں اپنے مسائل کا حل تلاش کر کے عالم گیر غلبہ اسلام کا خواب شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے روبہ عمل رہے۔ اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ فکری و نظری نظام کا نصاب "انفس"، "آفاق" اور "آیات قرآنی" ہیں۔ اسی نے قرآن میں تدبر و تفکر کی دعوت اس طرح دی ہے افلا یتدبرون القرآن ام علیٰ قلوب اقفالھا۔ اس دعوت کے نتیجے میں مسلمانوں کے اہل علم و دانش قرآن کے ہمہ جہت پہلوؤں کو موضوعِ تحقیق بنایا، قرآن کے ہمہ جہت پہلوؤں میں سے ایک پہلو نظمیات / لفظیات قرآن بھی ہے، جسے محققین نے اپنا موضوع تحقیق بنایا تو اس کی حکمت کی گیرائی اور گہرائی سے اپنی استعداد کے مطابق فیضیاب ہوئے اور دنیا پر یہ آشکارہ کر دیا کہ نظمیات / لفظیات قرآن بھی اللہ تعالیٰ کے معجزوں میں سے ایک معجزہ ہے۔

نظمیات کے تناظر میں میں اصولیین نے پانچ تقسیمات کی ہیں:

اول: معنیٰ موضوع لہ، کے اعتبار سے

دوم: معنیٰ کے ظہور کے اعتبار سے

سوم: معنیٰ کے خفاء کے اعتبار سے

چہارم: معنیٰ مستعمل و مراد کے اعتبار سے

پنجم: لفظ سے متکلم کی مراد کو سمجھنے کی صورتوں اور طریقوں کے اعتبار سے۔

چونکہ ہر تقسیم کے تحت چار اقسام نکلتی ہیں اس لیے کل بیس اقسام ہوئیں۔ موضوع لہ، کے اعتبار سے:۔ لفظ کی چار اقسام ہیں خاص۔عام۔ مشترک اور مووّل۔ مقالے کا براہ راست تعلق اس تقسیمات میں لفظ "مشترک" سے ہے اس لیے باقی اقسام سے صرفِ نظر کرتے ہوئے اس "مشترک" کو موضوع تحقیق بنایا جاتا ہے۔ قرآن کی ہمہ گیریت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن مجید میں ایسے متعدد الفاظ ہیں جس کا استعمال مختلف مقامات پر مختلف معنیٰ میں کیا گیا ہے یعنی لفظ اپنی بناوٹ اور حرکت کے اعتبار سے ایک ہے لیکن متعدد معنیٰ کا حامل ہے قرآنی لفظ کے معنی میں اختلاف کے پہلو کے مطالعہ کا نام علم وجوہ القرآن ہے۔

وجوہ کے لغوی معنیٰ:۔ وجوہ جمع ہے وجہ کی جس کا معنی چہرہ اور ہر چیز کا سامنے کا حصہ زبیدی نے لکھا الوجوہ من الکلام: البسل المقصود بہ کلام کا وہ پہلو جو مقصود ہو۔

اصطلاحی مفہوم:

علامہ سیوطی فرماتے ہیں:

فالوجوہ:اللفظ المشترك الذی یستعمل فی عدۃ معان کاللفظ امۃ(۱)یعنی: وجوہ وہ مشترک لفظ ہے جو متعدد معنوں میں استعمال ہوتا ہے جسے لفظ "امت"

حاجی خلیفہ نے اس علم کی یوں تعریف کی ہے:

"ومعناہ ان تکون الکلمۃ واحدۃ ذکرت فی مواضع من القرآن علی لفظ واحد وحرکۃ واحدۃ وارید لجھا فی کل مکان معنیٰ غیرالاخر"

یعنی ایک ہی لفظ قرآنِ مجید میں کئی موقعوں پر ایک لفظ ایک حرکت کے ساتھ مذکور ہوتا ہے لیکن ہر موقع پر اس کے معنی الگ ہوتے ہیں۔

مشترک کی تعریف:

ڈاکٹر عبدالکریم زیدان نے مشترک کی تعریف اس طرح کی ہے:

"المشترك عند الاصولين اللفظ وضع لمعنيين او كثير بوضع متعددة"

(اصولین کے یہاں مشترک وہ لفظ ہے جس کو دو یا دو سے زائد معانی کیلئے وضع کیا گیا)

مشترک کی خصوصیات:

ا۔مشترک موضوع لہ، متعدد ہوتا ہے یعنی مشترک متعدد معنی پر دلالت کرتا ہے۔

۲۔مشترک اور اس کے موضوع لہ، معنی کے لئے اکثر ایک سے زائد مرتبہ وضع کیا جاتا ہے۔

۳۔ترک کا مدلول متعدد ہونے کے ساتھ محصول بھی ہوتا ہے۔

۴۔مشترک کے مدلول متعدی معنی میں سے صرف ایک ہی کو ایک ہی وقت میں مراد لیا جاسکتا ہے۔

حکم مشترک:

ایک وقت میں ایک سے زائد معانی نہیں مراد لئے جاسکتے بلکہ ایک ہی معنٰی مراد ہونگے اس لئے غور و فکر و قرائن کے ذریعے جب تک کسی ایک معنٰی کا کسی موقع کے لئے تعین نہ ہو عمل کے حق میں توقف کیا جائے گا اور کسی ایک معنٰی کے راجح قرار پانے پر اس پر عمل کیا جائے گا، (اصول الفقہ ص ۱۲۰)

علم وجوہ قرآن کی اہمیت:

مذکورہ حقائق سے علم وجوہ قرآن کی اہمیت کا اندازہ آسانی سے لگایا جاسکتا ہے اس علم کی اہمیت مفسرین، مترجمین قرآن اور مجتہدین کے لئے نہایت ہی ضروری ہے جس کے جانے بغیر وہ تفسیر اور ترجمہ قرآن کے میدان میں قدم نہیں رکھ سکتے فقہا کو قرآن کے وجوہ پر نظر رکھنا ضروری ہے اس کے بغیر وہ استنباط کے وقت غلط مطلب اخذ کرسکتے ہیں:

علامہ جلال الدین سیوطی نے الاتقان میں چند وجوہ القرآن کا تذکرہ کیا ہے جو ایک سے زائد معنوں میں آئے ہیں ان میں چند درج ذیل ہیں:

ا۔الھدیٰ: یہ سترہ وجوہ پر آیا ہے:

(۱)۔بمعنٰی اثبات: اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ

(۲)۔بمعنٰی بیان: اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ

(۳)۔بمعنٰی دین: اِنَّ الۡهُدٰى هُدَى اللّٰهِ

(۴)۔ایمان: وَيَزِيۡدُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا هُدًى

(۵)۔دعا: لِكُلِّ قَوۡمٍ هَادٍ

(۶)۔رسولوں اور کتابوں کے معنوں میں: فَاِمَّا يَاۡتِيَنَّكُمۡ مِّنِّىۡ هُدًى

(۷)۔معرفت: وَبِالنَّجۡمِ هُمۡ يَهۡتَدُوۡنَ

(۸)۔نبی کے معنٰی میں: اِنَّ الَّذِيۡنَ يَكۡتُمُوۡنَ مَآ اَنۡزَلۡنَا مِنَ الۡبَيِّنٰتِ وَالۡهُدٰى

(۹)۔وَلَقَدۡ جَآءَهُمۡ مِّنۡ رَّبِّهِمُ الۡهُدٰى

(۱۰)۔توراۃ: وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡهُدٰى

(۱۱)۔استرجاع: اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُهۡتَدُوۡنَ

(۱۲)۔حجت: وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ

(۱۳)۔توحید: اِنۡ نَّتَّبِعِ الۡهُدٰى مَعَكَ

(۱۴)۔سنت: فَبِهُدٰٮهُمُ اقۡتَدِهۡ

(۱۵)۔اصلاح: اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِىۡ كَيۡدَ الۡخَآئِنِيۡنَ

(۱۶)۔الہام: اَعۡطٰى كُلَّ شَىۡءٍ خَلۡقَهٗ ثُمَّ هَدٰى

(۱۷)۔توبہ: اِنَّا هُدۡنَاۤ اِلَيۡكَ

(۱۸)۔ارشاد: اَنۡ يَّهۡدِيَنِىۡ سَوَآءَ السَّبِيۡلِ

(مثالوں کی تعداد میں ایک وجہ زائد ہے اور آغاز میں صرف سترہ وجوہ لکھی گئی ہیں یہ اصل کتاب کی پابندی ہے۔ مترجم)

۲۔السوٓء: یہ گیارہ وجوہ کے لئے آیا ہے:

(۱)۔ سختی: یَسُوْمُوْنَکُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ

(۲)۔ کونچیں کاٹنا: وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

(۳)۔ زنا: مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا

(۴)۔ برص: بَیْضَآءَ مِنْ غَیْرِ سُوْٓءٍ

(۵)۔ عذاب: اِنَّ الْخِزْیَ الْیَوْمَ وَالسُّوْٓءَ

(۶)۔ شرک: مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ

(۷)۔ شتم: لَا یُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ

(۸)۔ گناہ: یَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ

(۹)۔ بمعنی بئس: وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ

(۱۰)۔ رنج و آفت: یَكْشِفُ السُّوْٓءَ

(۱۱)۔ قتل اور شکست: لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ

۳۔الصلوۃ: ۹ وجوہ پر آیا ہے:

(۱)۔ نمازِ پنجگانہ: یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

(۲)۔ نمازِ عصر: تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ

(۳)۔ نمازِ جمعہ: اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ

(۴)۔ نمازِ جنازہ: وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْهُمْ

(۵)۔ دعا: وَصَلِّ عَلَیْهِمْ

(۶)۔ دین: اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ

(۷)۔ قرأت: وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ

(۸)۔ رحمت اور استغفار: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ

(۹)۔ نماز کی جگہیں: صَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ

۴۔الرحمۃ: یہ چودہ وجوہ کے لئے آیا ہے:

(۱)۔ اسلام: یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ

(۲)۔ ایمان: اٰتٰنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ

(۳)۔ جنت: فَفِیْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ

(۴)۔ بارش: بُشْرًۢا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ

(۵)۔ نعمت: وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكَ وَرَحْمَتُهٗ

(۶)۔ نبوت: اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ

(۷)۔ قرآن: قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ

(۸)۔ رزق: خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّیْ

(۹)۔ نصر اور فتح: اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً

(۱۰)۔ عافیت: اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ

(۱۱)۔ مودّت: رَاْفَةً وَّرَحْمَةً

(۱۲)۔ کشائش: تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

(۱۳)۔ مغفرت: كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

(۱۴)۔ عصمت: لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ

۵۔القضاء: یہ ۱۵ وجوہ پر آیا ہے:

(۱)۔ فراغ: فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ

(۲)۔ حکم: اِذَا قَضٰٓی اَمْرًا

(۳)۔ اجل: فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰی نَحْبَهٗ

(۴)۔ فصل: لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ

(۵)۔ گزر جانا: لِّیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا

(۶)۔ ہلاک: لَقُضِیَ اِلَیْهِمْ اَجَلُهُمْ

(۷)۔ وجوب: قُضِیَ الْاَمْرُ

(۸)۔ ابرام: فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰىهَا

(۹)۔ آگاہ کرنا: وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ

(۱۰)۔ وصیت: وَقَضٰی رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاهُ

(۱۱)۔ موت: فَقَضٰی عَلَیْهِ

(۱۲)۔ نزول: فَلَمَّا قَضَیْنَا عَلَیْهِ الْمَوْتَ

(۱۳)۔ خلق (آفرینش): فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ

(۱۴)۔ فعل: كَلَّا لَمَّا یَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ

(۱۵)۔ عہد: اِذْ قَضَیْنَآ اِلٰی مُوْسَی الْاَمْرَ

٦۔فتنہ: یہ بھی ۱۲وجوہ پر آیا ہے:

(۱)۔شرک: وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ

(۲)۔گمراہ بنانا: ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ

(۳)۔قتل: اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

(۴)۔صد(رکاوٹ وروگردانی): وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ

(۵)۔گمراہی: مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ

(۶)۔معذرت: ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ

(۷)۔قضاء: اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ

(۸)۔اثم: اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا

(۹)۔مرض: يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ

(۱۰)۔عبرت: جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ

(۱۱)۔جلانا: يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ

(۱۲)۔جنون: بِاَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ

۷۔الروح: یہ ۹وجوہ پر آیا ہے:

(۱)۔حکم: وَرُوْحٌ مِّنْهُ

(۲)۔وحی: يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ

(۳)۔قرآن: وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا

(۴)۔رحمت: وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ

(۵)۔حیات: فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ

(۶)۔جبریل: فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا

(۷)۔ایک بہت بڑا فرشتہ: يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ

(۸)۔فرشتوں کی ایک فوج: يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ

(۹)۔بدن کی روح(جان): وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ

۸۔الذکر: یہ ۱۷وجوہ پر آیا ہے:

(۱)۔زبان کا ذکر: فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ

(۲)۔قلب کا ذکر: ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ

(۳)۔حفظ: وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ

(۴)۔طاعت وجزاء: فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ

(۵)۔نماز پنجگانہ: فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

(۶)۔پندونصیحت کرنا: فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ

(۷)۔بیان: اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

(۸)۔بات کرنا: اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ

(۹)۔قرآن: وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ

(۱۰)۔توراۃ: فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ

(۱۱)۔خبر: سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا

(۱۲)۔شرف: وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ

(۱۳)۔وحی: فالتالیات ذکرا

(۱۴)۔رسول: ذکرا رسولا

(۱۵)۔نماز: وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ

(۱۶)۔نماز جمعہ: فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ

(۱۷)۔نماز عصر: عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ

۹۔الدعاء: یہ ۶وجوہ پر آیا ہے:

(۱)عبادت: وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ

(۲)استعانت: وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ

(۳)سوال: ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

(۴)قول: دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ

(۵)نداء: يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ

(۶)تسمیہ: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا

۱۰۔الاحصان: یہ ۳وجوہ پر آیا ہے:(۱۷)

(۱)پاکدامنی: وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ

(۲)شادی کرنا: فَاِذَآ اُحْصِنَّ

(۳)عورت ومرد کا آزاد ہونا: نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ۔(۲)

وجوہ ونظائر پر کام کرنے والے علماء:

اس موضوع پر متعدد علماء نے کام کیا ہے مثلاً:

(۱)۔ مقاتل بن سلیمان (م۱۵۰ھ)
(۲)۔ ھارون بن موسی (م۱۷۰ھ)
(۳)۔ یحییٰ بن سلام (م۲۰۰ھ)
(۴)۔ الحکیم الترمذی (م۳۲۰ھ)
(۵)۔ الثعالبی (م۴۲۹ھ)
(۶)۔ حسن بن محمد الدمغانی (م۴۸۷ھ)
(۷)۔ عبد الرحمٰن ابن جوزی (م۵۹۷ھ)
(۸)۔ ابن عماد (م۸۸۷ھ)
(۹)۔ مطروح بن محمد (م۲۷۱)

اس کے علاوہ ضمنی طور پر البرھان فی علوم القرآن (زرکشی)، الاتقان فی علوم القرآن (سیوطی) بصائر ذوی التمییز (فیروزآبادی) ان کے علاوہ حاجی خلیفہ نے "کشف الظنون" نواب صدیق حسن خان نے "ابجد العلوم" میں علم الوجوہ النظائر میں لکھی گئی مشہور کتب کا تذکرہ کیا ہے۔

علم الوجوہ اور مولانا احمد رضا خاں:

مولانا احمد رضا خاں کو دیگر علوم القرآن کے ساتھ ساتھ علم وجوہ قرآن پر مکمل عبور حاصل تھا جس کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

آپ لفظ "استوا" کی مختلف وجوہ یوں بیان کرتے ہیں:

اول قہر و غلبہ، یہ زبان عرب سے ثابت ہوا، دوم علو (بلندی) اور علو اللہ عزوجل کی صفت ہے (امام بیہقی سے یہی منقول ہے) سوم قصد و ارادہ (امام جلال الدین السیوطی نے اتقان میں اسے نقل فرمایا) چہارم فراغ و تمام کار، استوا بمعنی تمام خود قرآنِ عظیم میں ہے فلما بلغ اشدہ واستوای (جب اپنی قوت کے زمانے کو پہنچا اور اس کا پورا شباب۔(۳)

"عبث" کے بارہ وجوہ بیان فرتاہے:

(۱)۔ جس فصل میں غرضِ غیر صحیح ہو وہ عبث ہے۔
(۲)۔ جس میں غرض غیر شرعی ہو۔(۳) جس میں غرض صحیح نہ ہو۔(۴) جس میں فائدہ نہ ہو۔(۵) جس میں فاعل کے لیے کوئی غرض صحیح نہ ہو۔(۶) بے فائدہ کام۔(۷) جس میں فائدہ معتد بہا نہ ہو۔(۸) اس کام کے قابل فائدہ نہ ہو یعنی اس میں جتنی محنت ہو نفع اس سے کم ہو۔(۹) وہ کام جس کا فائدہ معلوم نہ ہو۔(۱۰) وہ کام جس سے فائدہ مقصود نہ ہو۔(۱۱) بے لذت کام۔(۱۲) عبث ولعب ایک شے ہے۔(۴)

"اسراف" کے گیارہ وجوہ بیان کیے: (۱) غیر حق میں صرف کرنا۔(۲) حکم الٰہی کی حد سے بڑھنا۔(۳) ایسی بات میں خرچ کرنا جو شریعت مطہرہ یا ضرورت کے خلاف ہو۔(۴) اطاعتِ الٰہی سے غیر میں اٹھانا۔(۵) بلا حاجت خرچ کرنا۔(۶) دینے میں حق کی حد سے کمی یا بیشی۔(۷) ذلیل غرض میں کثیر مال اٹھا دینا۔(۸) بے فائدہ خرچ کرنا۔(۹) حاجت شرعیہ سے زیادہ استعمال کرنا۔(۱۰) لائق وپسندیدہ بات میں قدرِ لائق سے زیادہ اٹھانا دینا۔(۱۱) کلام عرب میں اسراف یہ ہے کہ حق کے حصول میں خطا کر جائے یا تو دینے میں حق کی حد سے آگے بڑھ جائے یا اس کی واجبی حد سے پیچھے رہ جائے۔(۵)

اسی طرح کنزالایمان کے مطالعہ سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ مولانا احمد رضا خاں کو نہ صرف علم وجوہ قرآن پر مکمل دسترس حاصل تھی بلکہ آپ نے اسے مختلف آیات میں بر موقع بر محل برتا بھی جیسے:

۱۔ذنب:

۱.۱۔ گناہ

یُوسُفُ اَعۡرِضۡ عَنۡ هٰذَا وَ اسۡتَغۡفِرِیۡ لِذَنۡۢبِكِ اِنَّكِ كُنۡتِ مِنَ الۡخٰطِــٕیۡنَ۔(۶)

اے یوسف تم اس کا خیال نہ کرو اور اے عورت تو اپنے گناہ کی معافی مانگ بیشک تو خطاواروں میں ہے۔

۱.۲۔ الزام

وَلَهُمۡ عَلَیَّ ذَنۡۢبٌ فَاَخَافُ اَنۡ یَّقۡتُلُوۡنِ۔(۷)

اور ان کا مجھ پر ایک الزام ہے تو میں ڈرتا ہوں کہیں مجھے قتل کر دیں۔

۲۔ ضل:

۲.۱۔ ملنا

وَ قَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ۔ (۸)

اور بولے کیا جب ہم مٹی میں مل جائیں گے کیا پھر نئے بنیں گے بلکہ وہ اپنے رب کے حضور حاضری سے منکر ہیں۔

۲.۲۔ گمراہی

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَ مَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ۔ (۹)

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی تو ان کا سودا کچھ نفع نہ لایا اور وہ سودے کی راہ جانتے ہی نہ تھے۔

۲.۳۔ بھکنا

اَمْ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَسْــٴَـلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىٕلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ وَ مَنْ یَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ۔ (۱۰)

کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے ویسا سوال کرو جو پہلے موسیٰ سے ہوا تھا اور جو ایمان کے بدلے کفر لے وہ ٹھیک راستہ بہک گیا۔

۲.۴۔ ضائع کرنا

وَ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَلَنْ یُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ۔ (۱۱)

اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے اللہ ہر گز ان کے عمل ضائع نہ فرمائے گا۔

قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ الْقَدِیْمِ۔ (۱۲)

بیٹے بولے خدا کی قسم آپ اپنی اسی پرانی خود رفتگی میں ہیں۔

۲.۵۔ گم

اُنْظُرْ كَیْفَ كَذَبُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ۔ (۱۳)

دیکھو کیسا جھوٹ باندھا خود اپنے اوپر اور گم گئیں ان سے جو باتیں بناتے تھے۔

۳۔ کتب

۳.۱۔ واجب

وَ كَتَبْنَا عَلَیْهِمْ فِیْهَاۤ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَ الْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَ الْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَ الْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَ السِّنَّ بِالسِّنِّ وَ الْجُرُوْحَ قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ وَ مَنْ لَّمْ یَحْكُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ۔ (۱۴)

اور ہم نے توریت میں اُن پر واجب کیا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں بدلہ ہے پھر جو دل کی خوشی سے بدلہ کراوے تو وہ اس کا گناہ اتار دے گا اور جو اللہ کے اتارے پر حکم نہ کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

۳.۲۔ فرض

وَ لَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَیْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِیَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِیْلٌ مِّنْهُمْ وَ لَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَیْرًا لَّهُمْ وَ اَشَدَّ تَثْبِیْتًا۔ (۱۵)

اور اگر ہم ان پر فرض کرتے کہ اپنے آپ کو قتل کر دو یا اپنے گھر بار چھوڑ کر نکل جاؤ تو ان میں تھوڑے ہی ایسا کرتے اور اگر وہ کرتے جس بات کی انہیں نصیحت دی جاتی ہے تو اُس میں ان کا بھلا تھا اور ایمان پر خوب جمنا۔

۳.۳۔ فرمان:

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِیْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَیْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَا ذَا یَرْجِعُوْنَ۔ (۱۶)

میرا یہ فرمان لے جان کر ان پر ڈال پھر ان سے الگ ہٹ کر دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔

۳.۴۔ خط:

قَالَتْ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّیْۤ اُلْقِیَ اِلَیَّ كِتٰبٌ كَرِیْمٌ۔ (۱۷)

وہ عورت بولی اے سردارو بیشک میری طرف ایک عزت والا خط ڈالا گیا۔

۳.۵۔ کتاب:

قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ۔ الخ (۱۸)

اس نے عرض کی جس کے پاس کتاب کا علم تھا۔

۴۔ سلطان

۴.۱۔ غلبہ:

وَ اٰتَیْنَا مُوْسٰی سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا۔ (۱۹)

اور ہم نے موسیٰ کو روشن غلبہ دیا۔

۴.۲۔ سمجھ:

سَنُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ کَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَکُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ وَ بِئْسَ مَثْوَی الظّٰلِمِیْنَ۔ (۲۰)

کوئی دم جاتا ہے کہ ہم کافروں کے دلوں میں رعب ڈالیں گے کہ انہوں نے اللہ کا شریک ٹھہرایا جس پر اس نے کوئی سمجھ نہ اُتاری اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا برا ٹھکانا ناانصافوں کا۔

۴.۳۔ اختیار:

وَ اُولٰٓئِکُمْ جَعَلْنَا لَکُمْ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا۔ (۲۱)

اور یہ ہیں جن پر ہم نے تمہیں صریح اختیار دیا۔

۴.۴۔ حجت:

اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَیْکُمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا۔ (۲۲)

کیا یہ چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کے لئے صریح حجت کر لو۔

۴.۵۔ سند:

وَ کَیْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَکْتُمْ وَ لَا تَخَافُوْنَ اَنَّکُمْ اَشْرَکْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ عَلَیْکُمْ سُلْطٰنًا فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ (۲۳)

اور میں تمہارے شریکوں سے کیونکر ڈروں اور تم نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ کا شریک اس کو ٹھہرایا جس کی تم پر اس نے کوئی سند نہ اتاری تو دونوں گروہوں میں امان کا زیادہ سزاوار کون ہے اگر تم جانتے ہو۔

۴.۶۔ قابو:

وَ قَالَ الشَّیْطٰنُ لَمَّا قُضِیَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَکُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَ وَعَدْتُّکُمْ فَاَخْلَفْتُکُمْ وَ مَا کَانَ لِیَ عَلَیْکُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُکُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِیْ فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ وَ لُوْمُوْٓا اَنْفُسَکُمْ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِکُمْ وَ مَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِیَّ اِنِّیْ کَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَکْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ (۲۴)

اور شیطان کہے گا جب فیصلہ ہو چکے گا بیشک اللہ نے تم کو سچا وعدہ دیا تھا اور میں نے جو تم کو وعدہ دیا تھا وہ میں نے تم سے جھوٹا کیا اور میرا تم پر کچھ قابو نہ تھا مگر یہی کہ میں نے تم کو بُلایا تم نے میری مان لی تو اب مجھ پر الزام نہ رکھو خود اپنے اوپر الزام رکھو نہ میں تمہاری فریاد کو پہنچ سکوں نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکو وہ جو پہلے تم نے مجھے شریک ٹھہرایا تھا میں اس سے سخت بیزار ہوں بیشک ظالموں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

۵۔ فتنہ

۵.۱۔ سزا:

وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَکُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَ صَمُّوْا کَثِیْرٌ مِّنْهُمْ وَ اللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ۔ (۲۵)

اور اس گمان میں ہیں کہ کوئی سزا نہ ہو گی تو اندھے اور بہرے ہو گئے پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول کی پھر ان میں بہتیرے اندھے اور بہرے ہو گئے اور اللہ ان کے کام دیکھ رہا ہے۔

۵.۲۔ جانچ:

وَ ظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَ خَرَّ رَاکِعًا وَّ اَنَابَ۔ (۲۶)

اب داؤد سمجھا کہ ہم نے یہ اس کی جانچ کی تھی تو اپنے رب سے معافی مانگی اور سجدے میں گر پڑا اور رجوع لایا۔

۵.۳۔ گمراہی:

فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَ ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ۔ الخ۔ (۲۷)

وہ جن کے دلوں میں کجی ہے وہ اشتباہ والی کے پیچھے پڑتے ہیں گمراہی چاہنے اور اس کا پہلو ڈھونڈھنے کو۔

۵.۴۔ سزا:

وَ حَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَ صَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَ صَمُّوْا كَثِیْرٌ مِّنْهُمْ وَ اللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ۔ (۲۸)

اور اس گمان میں ہیں کہ کوئی سزا نہ ہوگی تو اندھے اور بہرے ہوگئے پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول کی پھر ان میں بہتیرے اندھے اور بہرے ہوگئے اور اللہ ان کے کام دیکھ رہا ہے۔

٦۔ الوکیل

٦.١۔ کارساز:

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِیْمَانًا وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ۔ (۲۹)

وہ جن سے لوگوں نے کہا کہ لوگوں نے تمہارے لئے جتھا جوڑا تو ان سے ڈرو تو ان کا ایمان اور زائد ہوا اور بولے اللہ ہم کو بس ہے اور کیا اچھا کارساز۔

٦.٢۔ نگہبان:

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْهُ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ۔ (۳۰)

یہ ہے اللہ تمہارا رب اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں ہر چیز کا بنانے والا تو اسے پوجو اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔

٦.٣۔ محافظ:

وَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ۔ (۳۱)

اور اللہ ہر چیز پر محافظ ہے۔

٦.۴۔ ذمّہ:

قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰی تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِیْ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ یُّحَاطَ بِكُمْ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَكِیْلٌ۔ (۳۲)

کہا میں ہرگز اسے تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا جب تک تم مجھے اللہ کا یہ عہد نہ دے دو کہ ضرور اسے لے کر آؤ گے مگر یہ کہ تم گھر جاؤ پھر جب انہوں نے یعقوب کو عہد دے دیا کہا اللہ کا ذمّہ ہے ان باتوں پر جو ہم کہہ رہے ہیں۔

٦.۵۔ کام بنانے والا:

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ وَ كَفٰی بِرَبِّكَ وَكِیْلًا۔ (۳۳)

بیشک جو میرے بندے ہیں ان پر تیرا کچھ قابو نہیں اور تیرا رب کافی ہے کام بنانے کو۔

٦.٦۔ حمایتی:

اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ یَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ یُرْسِلَ عَلَیْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِیْلًا۔ (۳۴)

کیا تم اس سے نڈر ہوئے کہ وہ خشکی ہی کا کوئی کنارہ تمہارے ساتھ دھنسا دے یا تم پر پتھراؤ بھیجے پھر اپنا کوئی حمایتی نہ پاؤ۔

٦.٧۔ کڑوڑا (حاکم، نگران):

وَ مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ وَكِیْلًا۔ (۳۵)

اور ہم نے تم کو ان پر کڑوڑا بنا کر نہ بھیجا۔

٧۔ شہید

٧.١۔ گواہ:

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَی النَّاسِ وَ یَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْكُمْ شَهِیْدًا۔ (۳۶)

اور بات یوں ہی ہے کہ ہم نے تمہیں کیا سب امتوں میں افضل تم لوگوں پر گواہ ہو اور یہ رسول تمہارے نگہبان و گواہ۔

۷.۲۔ سامنے:

قُلْ یٰۤاَھْلَ الْکِتٰبِ لِمَ تَکْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ وَ اللّٰہُ شَہِیْدٌ عَلٰی مَا تَعْمَلُوْنَ۔ (۳۷)

تم فرماؤ اے کتابیو اللہ کی آیتیں کیوں نہیں مانتے اور تمہارے کام اللہ کے سامنے ہیں۔

۷.۳۔ نگہبان:

فَکَیْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ بِشَہِیْدٍ وَّ جِئْنَا بِکَ عَلٰی ھٰۤؤُلَآءِ شَہِیْدًا۔ (۳۸)

تو کیسی ہو گی جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں اور اے محبوب تمہیں ان سب پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں۔

۷.۴۔ حاضر:

وَ اِنَّ مِنْکُمْ لَمَنْ لَّیُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْکُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیَّ اِذْ لَمْ اَکُنْ مَّعَھُمْ شَہِیْدًا۔ (۳۹)

اور تم میں کوئی وہ ہے کہ ضرور دیر لگائے گا پھر اگر تم پر کوئی افتاد پڑے تو کہے خدا کا مجھ پر احسان تھا کہ میں ان کے ساتھ حاضر نہ تھا۔

۷.۵۔ حمایتی:

وَ اِنْ کُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَۃٍ مِّنْ مِّثْلِہٖ ۪ وَ ادْعُوْا شُہَدَآءَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ۔ (۴۰)

اور اگر تمہیں کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے خاص بندے پر اتارا تو اس جیسی ایک سورت تو لے آؤ اور اللہ کے سوا اپنے سب حمائتیوں کو بلا لو اگر تم سچے ہو۔

۸۔ قتل

۸.۱۔ خون کرنا:

وَ اِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْھَا ؕ وَ اللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ۔ (۴۱)

اور جب تم نے ایک خون کیا تو ایک دوسرے پر اس کی تہمت ڈالنے لگے اور اللہ کو ظاہر کرنا جو تم چھپاتے تھے۔

۸.۲۔ شہید:

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْبِیَآءَ اللّٰہِ مِنْ قَبْلُ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۔ (۴۲)

تم فرماؤ کہ پھر اگلے انبیاء کو کیوں شہید کیا اگر تمہیں اپنی کتاب پر ایمان تھا۔

۸.۳۔ لڑنا:

وَ قٰتِلُوْھُمْ حَتّٰی لَا تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ وَّ یَکُوْنَ الدِّیْنُ لِلّٰہِ ؕ فَاِنِ انْتَھَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَی الظّٰلِمِیْنَ۔ (۴۳)

اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور ایک اللہ کی پوجا ہو پھر اگر وہ باز آئیں تو زیادتی نہیں مگر ظالموں پر۔

۸.۴۔ لعنت:

ثُمَّ قُتِلَ کَیْفَ قَدَّرَ۔ (۴۴)

پھر اس پر لعنت ہو کیسی ٹھہرائی

۸.۵۔ قتل:

فَاِنْ قٰتَلُوْکُمْ فَاقْتُلُوْھُمْ ؕ کَذٰلِکَ جَزَآءُ الْکٰفِرِیْنَ۔ (۴۵)

اور اگر تم سے لڑیں تو انہیں قتل کرو کافروں کی یہی سزا ہے۔

۸.۶۔ جہاد:

وَ کَاَیِّنْ مِّنْ نَّبِیٍّ قٰتَلَ مَعَہٗ رِبِّیُّوْنَ کَثِیْرٌ فَمَا وَھَنُوْا لِمَآ اَصَابَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ مَا ضَعُفُوْا وَ مَا اسْتَکَانُوْا ؕ وَ اللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ۔ (۴۶)

اور کتنے ہی انبیاء نے جہاد کیا ان کے ساتھ بہت خدا والے تھے تو نہ سست پڑے اُن مصیبتوں سے جو اللہ کی راہ میں انہیں پہنچیں اور نہ کمزور ہوئے اور نہ دبے اور صبر والے اللہ کو محبوب ہیں۔

۹۔ دعا

۹.۱۔ طلب:

لَا تَدْعُوا الْیَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ ادْعُوْا ثُبُوْرًا کَثِیْرًا۔ (۴۷)

فرمایا جائے گا آج ایک موت نہ مانگو اور بہت سی موتیں مانگو

فَسَوْفَ یَدْعُوْا ثُبُوْرًا۔ (۴۸)

وہ عنقریب موت مانگے گا

۹.۲۔ قول:

فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ، الخ،(۴۹)
تو ان کے منھ سے کچھ نہ نکلا

۹.۳۔ دعا:

وَ مَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ، (۵۰)
اور کافروں کی ہر دعا بھٹکتی پھرتی ہے
اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ،(۵۱)
بیشک میرا رب دعا سننے والا ہے
اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ، الخ،(۵۲)
دعا قبول کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے

۹.۴۔ استعانت:

وَّ ادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۔(۵۳)
اور اللہ کے سوا جو مل سکیں سب کو بلا لو اگر سچے ہو

۹.۵۔ دعوت:

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ۔ الخ۔ (۵۴)
تم فرماؤ یہ میری راہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں
(ھود:۶۲)،(ابراھیم:۹)،(البقرہ:۲۲۱)،(آل عمران:۲۳)، (آل عمران:۱۰۴)، (یوسف:۳۳)، (ابراھیم:۲۴)، (بنی اسرائیل:۱۷)،(ال عمران: ۱۵۳)،(یوسف:۳۳)،(البقرہ:۲۳)، (یوسف:۱۰۸)،(الرعد:۳۶)،(آل عمران:۶۱)، (الانفال:۲۴)، (ابراھیم:۴۴)، (مومن:۴۳)، (نوح:۷)، (نوح:۸)، (فاطر:۶)،(سورہ محمد:۳۵)،(الاعراف:۱۹۳)

۹.۶۔ ندا:

لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ وَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ۔ الخ۔ (۵۵)
اسی کا پکارنا سچا ہے اور اس کے سوا جن کو پکارتے ہیں
سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ۔ (۵۶)
تم پر ایک سا ہے چاہے انہیں پکارو یا چپ رہو

ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ۔ (۵۷)
پھر جب تمہیں زمین سے ایک ندا فرمائے گا جبھی تم نکل پڑو گے (الانعام:۴۰، ۴۱، ۶۳، ۵۲)،(یونس: ۶۶)،(رعد:۱۴)،(آلِ عمران: ۱۵۳)، (یونس:۲۵)، (الاعراف:۱۹۵)، (بنی اسرائیل:۱۱۰)، (البقر:۱۷۱)، (آل عمران:۳۸)، (الرعد:۱۴)، (الاعراف:۱۹۳)،(آل عمران:۳۸)،(الروم:۲۵)،(الزمر:۸)۔

۹.۷۔ عبادت:

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ۔ (۵۸)
بیشک ہم نے اپنی پہلی زندگی میں اس کی عبادت کی تھی بیشک وہی احسان فرمانے والا مہربان ہے

ان وجوہ کے مطالعہ سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے مفکر اسلام احمد رضا حنفی قادری کو علم وجوہِ قرآن پر نہ صرف مکمل عبور حاصل تھا کہ وہ اس گیرائی اور گہرائی سے بھی خوب واقف تھے کہ کس آیت میں کونسا معنی لینا ہے اور کہاں استثناء ہے۔

اس مرحلے پر اس حقیقت کا مطالعہ کرتے ہیں اگر مترجم قرآن علمِ وجوہ القرآن سے نابلد ہے تو اس کے ترجمہ پر کیا اثرات مرتب ہوں گے چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

وَّ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا۔ (۵۹)

(۱) اور یہ کہ سجدہ کے لیے مقاماتِ خاص اللہ کے لیے ہیں لہٰذا اللہ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو۔
(۲)۔ اور یہ کہ مسجدیں صرف اللہ ہی کے لیے خاص ہیں پس اللّٰہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو۔
(۳)۔ اور بے شک مسجدیں اللہ کے لیے ہیں پس تم اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکارو۔
(۴)۔ اور یہ کہ مسجدیں اللہ کے لیے ہیں لہٰذا ان میں اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکارو۔

مذکورہ تراجم میں ”فلا تدع“ کا ترجمہ ”کسی کو نہ پکارو“ تسلیم کر لیا جائے تو آذان اور اقامت میں موذن مسجد میں غیر حاضر مسلمانوں کو حیّ علی الصلوٰۃ حی علی الفلاح کہہ کر پکارتا ہے تو اس کا غلط ہونا ثابت ہو گا۔ آذان میں مسلمانوں کو پکارنا غلط نہیں بلکہ ترجمہ غلط ہو سکتا ہے ایسا ترجمہ اس لیے ہوا کہ مترجمین کو علم وجوہ القرآن سے واقفیت نہیں کہ ”تدع“ کے کتنے معنی ہیں اس آیت میں کون کون سے معنی کو استثنٰی حاصل ہے اور کس معنٰی کا اطلاق اس ترجمہ میں ہو گا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ انہوں نے ”فلا تدع“ کا یک معنوی ترجمہ کر دیا جو روح القرآن کے خلاف ہے۔ اس تناظر میں مولانا احمد رضا خاں کا ترجمہ ملاحظہ ہو:

”اور یہ کہ مسجدیں اللہ ہی کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی بندگی نہ کرو“

کنزالایمان کے تفسیری مصادر کا مطالعہ کرتے ہیں جس میں ”دعا“ کے دیگر معنوں کو مستثنٰی قرار دے کر عبادت معنی لیا گیا ہے۔

(1)۔ اِنۡ یَّدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِہٖۤ اِلَّاۤ اِنٰثًا وَ اِنۡ یَّدۡعُوۡنَ اِلَّا شَیۡطٰنًا مَّرِیۡدًا۔(٦٠)

الزمخشری (ت 538ھ)

1.1 {وَإِن يَدۡعُونَ} وإن يعبدون بعبادة الأصنام۔(٦١)

تبوں کی عبادت کرتے ہیں۔

الرازی (ت 606ھ)

1.2 {يَدۡعُونَ} بمعنى يعبدون۔(٦٢)

عبادت کرتے ہیں۔

القرطبی (ت 671ھ)

1.3 نزلت فى أهل مكة إذ عبدوا الأصنام۔(٦٣)

اہلِ مکہ کے بارے میں نازل ہوئی کہ جب انہوں نے تبوں کی عبادت کی۔

البیضاوی (ت 685ھ)

1.4 {وَإِن يَدۡعُونَ} وإن يعبدون بعبادتها۔(٦٤)

اس کی عبادت کرتے ہیں۔

المحلی و السیوطی (ت المحلی 864ھ)

1.5 {ءان} ما {يَدۡعُونَ} يعبد المشركون {مِن دُونِهِ}۔(٦٥)

مشرکین (اللہ کے سوا) دوسروں کی عبادت کرتے ہیں۔

الفیروز آبادی (ت 817ھ)

1.6 {وَإِن يَدۡعُونَ} ما يعبدون۔(٦٦)

عبادت نہیں کرتے ہیں۔

السمرقندی (ت 375ھ)

1.7 {إِن يَدۡعُونَ مِن دُونِهِ إِلَّآ إِنَٰثاً} يقول: ما يعبدون من دون الله۔(٦٧)

اللہ کے سوا دوسروں کی عبادت کرتے ہیں۔

البغوی (ت 516ھ)

1.8 نزلت فى أهل مكة، أى: ما يعبدون۔(٦٨)

اہلِ مکہ کے بارے میں نازل ہوئی کہ وہ عبادت نہیں کرتے ہیں (مگر عورتوں کی اور شیطان کی)

ابن عطیة (ت 546ھ)

1.9 ويدعون عبارة مغنية موجزة فى معنيي: يعبدون ويتخذون آلهة، تفسير المحرر الوجيز فی۔(٦٩)

”یدعون“ مختصر عبادت ہے جس کا معنی ہیں: وہ عبادت کرتے ہیں اور معبود بناتے ہیں۔

ابن الجوزی (ت 597ھ)

1.10 {يدعون} بمعنى: يعبدون۔(٧٠)

یدعون۔ یعبدون کے معنی میں ہے یعنی وہ عبادت کرتے ہیں۔

النسفی (ت 710ھ)

1.11 {إِن يَدۡعُونَ مِن دُونِهِ} ما يعبدون من دون الله۔(٧١)

وہ اللہ کے سوا باقی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں۔

الخازن(ت 725ھ)

1.12 {إن یدعون من دونه إلاّ إناثاً } نزلت فی أهل مكة یعنی ما یعبدون من دون الله۔ (۷۲)

اہلِ مکہ کے بارے میں نازل ہوئی یعنی اللہ کے ماسوا چیزوں کی عبادت کرتے ہیں۔

ابوحیان(ت 754ھ)

1.13 {إن یدعون من دونه إلا إناثاً } المعنی: ما یعبدون من دون الله ویتخذونه إلهاً۔(۷۳)

اللہ کے سوا چیزوں کی عبادت کرتے ہیں اور ان ہی چیزوں کو معبود بناتے ہیں۔

القمی النیسابوری (ت 728ھ)

1.14 {إن یدعون } أی ما یعبدون { من دونه إلاّ إناثاً } أی أوثاناً وكانوا یسمونها بأسماء الإناث كاللات والعزی، فاللات تأنیث الله، والعزی تأنیث الأعز۔(۷۴)

وہ اللہ اللہ کو چھوڑ بتوں کی عبادت کرتے ہیں۔ اور ان کا نام مؤنث (عورتوں) کے نام سے رکھتے ہیں مثلاً ''لات'' اور ''عُزّیٰ''۔ تو ''لات'' ''اللہ'' کا مؤنث ہے اور ''عُزّیٰ'' ''اَعز'' کی مؤنث ہے۔

و«إنْ»: نافیةٌ بمعنی «ما»، ویدعون: عبارةٌ مغنیةٌ موجزةٌ فی معنیَ: یعبدون ویتخذُونَ آلهة،

